ہیڈ کوارٹر پاکستان رینجرز (پنجاب)

غازی روڈ، لاہور-33

پروگرام برائے بھرتی-پاکستان رینجرز (پنجاب)

1۔ پاکستان رینجرز (پنجاب) میں SI No 3.15 ESTA Code (Edition-2015) پاکستان رینجرز ریکروٹمنٹ رولز 1968 اور بھرتی سے متعلق ملنے والی ہدایات کی روشنی میں میرٹ کی بنیاد پر خالی آسامیاں (برائے مرد) درج ذیل صوبائی کوٹہ کے مطابق پُر کی جائیں گی:۔

نمبر شمار	عہدہ	تعداد آسامیاں	بنیادی پے سکیل	
الف۔	سپاہی جنرل ڈیوٹی	964	05	بشمول راشن الاؤنس و مروجہ مراعات منظور شدہ وفاقی حکومت

2۔ بھرتی درج ذیل صوبائی کوٹہ کی بنیاد پر کی جائے گی

		کوٹہ	تعداد آسامیاں
الف۔	میرٹ	7.5%	72
ب۔	پنجاب بشمول فیڈرل ایریا اسلام آباد	50%	482
ج۔	سندھ (شہری)	7.6%	73
د۔	سندھ (دیہی)	11.4%	110
ر۔	خیبر پختونخواہ	11.5%	111
ز۔	بلوچستان	6%	58
س۔	خیبر پختونخواہ میں نئے شامل ہونے والے اضلاع (سابقہ فاٹا)	3%	29
ش۔	گلگت بلتستان	1%	10
ص۔	آزاد کشمیر	2%	19
	ٹوٹل	***100%**	***964**

* 5% کوٹہ اقلیتوں کے لئے قابلیت اور معیار کے مطابق مختص ہے۔

3۔ **اپلائی کرنے کا طریقہ کار** آن لائن رجسٹریشن پاکستان رینجرز (پنجاب) کی ویب سائٹ https://pakistanrangers.punjab.gov.pk/ پر 17 اگست تا 26 اگست 2026 تک جاری رہے گی۔ رجسٹریشن کے بعد اُمیدواران اپنے منتخب کردہ رجسٹریشن سنٹر پر آن لائن سلپ پر دی گئی تاریخ کو بوقت 0800 بجے برائے طبی معائنہ، جسمانی اور تحریری امتحان کیلئے حاضر ہوں گے۔

4۔ **بھرتی کے لئے جگہ / تاریخ** محکمہ کی ٹیم درج ذیل سنٹرز پر دیئے گئے پروگرام کے مطابق رجسٹریشن کرے گی۔

پنجاب

نمبر شمار	بھرتی سنٹر	تاریخ	بھرتی کا مقام
الف۔	لاہور	07 تا 23 ستمبر 2026	ہیڈ کوارٹر پاکستان رینجرز (پنجاب)، لاہور (رکھ ٹیڑا)
ب۔	منڈی بہاؤالدین	07 تا 23 ستمبر 2026	پاکستان رینجرز اکیڈمی، منڈی بہاؤالدین
ج۔	رحیم یار خان	07 تا 23 ستمبر 2026	رینجرز ونگ ہیڈ کوارٹرز، رحیم یار خان
د۔	بہاولپور	07 تا 23 ستمبر 2026	رینجرز ونگ ہیڈ کوارٹرز، موسیٰ کالونی بہاولپور
ر۔	نارووال	07 تا 23 ستمبر 2026	رینجرز ونگ ہیڈ کوارٹرز، نارووال
ز۔	چکری (اسلام آباد)	07 تا 23 ستمبر 2026	رینجرز کیڈٹ کالج، چکری اسلام آباد

خیبر پختونخواہ

الف۔	کوہاٹ	07 تا 12 ستمبر 2026	سگنل ٹریننگ سنٹر، کوہاٹ
ب۔	ورسک (پشاور)	14 تا 23 ستمبر 2026	ہیڈ کوارٹرز فرنٹیئر کور، ورسک پشاور (بھرتی دفتر)

سندھ

الف۔	حیدرآباد	07 تا 23 ستمبر 2026	ہیڈ کوارٹرز تھر رینجرز، حیدرآباد

بلوچستان

الف۔	کوئٹہ	07تا12 ستمبر 2026	ہیڈ کوارٹرز فرنٹیئر کور، بلیلی کوئٹہ

آزاد جموں و کشمیر

الف۔	بھمبر	07تا12 ستمبر 2026	مجاہد فورس سنٹر، بھمبر

گلگت بلتستان

الف۔	گلگت	07تا12 ستمبر 2026	رینجرز زونگ ہیڈ کوارٹرز، گلگت

5۔ **بھرتی کے لئے مطلوبہ کاغذات۔** اُمیدواران درج ذیل کاغذات ابتدائی رجسٹریشن میں مہیا کریں گے:-

الف۔ تمام اصل تعلیمی اسناد، سرٹیفکیٹ، ڈگری بشمول 2عدد فوٹو کاپیاں (اگر تعلیم آٹھ جماعت پاس ہے تو سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ متعلقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفسر سے تصدیق شدہ ہونا چاہیے)

ب۔ نادرا کا جاری کردہ اصل شناختی کارڈ بشمول 2عدد فوٹو کاپیاں۔

ج۔ اصل ڈومیسائل / پی آر سی بشمول 2عدد فوٹو کاپیاں۔

د۔ 4عدد تصدیق شدہ پاسپورٹ سائز رنگین تصاویر۔

ر۔ جو امیدوار پہلے سے کسی گورنمنٹ / سیمی گورنمنٹ ادارے میں سروس کرتے ہیں وہ اپنے محکمے کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے اصل No Objection Certificate (NOC) ابتدائی رجسٹریشن کے وقت مہیا کریں گے۔ NOC کے بغیر داخلہ ممنوع ہو گا۔

6۔ **معیار برائے اُمیدوار**

الف۔ **تعلیمی معیار برائے سول اُمیدوار**

(1) سپاہی (جنرل ڈیوٹی) کم از کم مڈل نیز زیادہ تعلیم والوں کو ترجیح دی جائے گی۔

ب۔ **عمر برائے سول اُمیدوار (28 اکتوبر 2026 تک)** 18سال سے کم اور 30سال سے زیادہ عمر والے اُمیدواران کو بھرتی نہیں کیا جائے گا۔

(عمر میں گورنمنٹ کی طرف سے دی گئی 5سال کی رعایت شامل ہے) فائنل سلیکشن میں کم عمر یعنی 18سال سے 22سال تک کی عمر والے اُمیدواران کو ترجیح دی جائے گی۔

ج۔ **تعلیمی معیار اور عمر (برائے سابقہ فوجی)**

(1) **تعلیمی معیار** مروجہ (کوالیفیکیشن) یا اس کے مساوی

(2) **عمر (28 اکتوبر 2026 تک)** مروجہ قانون کے مطابق

د۔ **جسمانی معیار برائے سول اُمیدوار**

(1) قد کم از کم "6-'5 نیز زیادہ قد والوں کو فائنل سلیکشن میں ترجیح دی جائے گی۔

(2) چھاتی "33 بمعہ "1½ پھیلاؤ

(3) وزن 121 پاؤنڈ کم از کم (طبی قانون کے مطابق زیادہ قابل قبول نہ ہو گا)

ر۔ **شہریت** پاکستانی (مرد)

7۔ **نااہل برائے بھرتی** مندرجہ ذیل معیار والے اُمیدوار بھرتی کے لئے نااہل ہوں گے:-

الف۔ پاکستان رینجرز یا کسی سرکاری ادارے سے ڈسپلن کی بنیاد پر سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ب۔ کسی عدالت سے مجرم قرار پایا گیا ہو۔

ج۔ پاکستان رینجرز یا کسی ادارے سے طبی معائنہ کی بنیاد پر ان فٹ قرار پایا گیا ہو۔

د۔ پاکستان رینجرز، آرمڈ فورسز، سول آرمڈ فورسز یا کسی سرکاری ادارے سے جعلی تعلیمی اسناد یا فراڈ کی بنیاد پر سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ر۔ پاکستان رینجرز، آرمڈ فورسز یا سول آرمڈ فورسز سے اپنی مرضی پر ریٹائرڈ یا ڈسچارج / دورانِ ٹریننگ سروس سے برخاست کیا گیا ہو۔

ز۔ وہ اُمیدوار جو پہلے سے کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادارے میں سروس کرتے ہوں وہ اپنے محکمے کے ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ سے اصل No Objection Certificate (NOC) ساتھ نہ لائے ہوں۔

س۔ اُمیدوار جو پہلے سے آرمڈ فورسز یا سول آرمڈ فورسز میں سروس کرتے ہوں اور محکمے میں چھٹی سے تاخیر سے آنے / بغیر چھٹی کے بھگوڑہ ہونے کی بنیاد پر غیر حاضر ہوں۔

ش۔ قومی شناختی کارڈ اور تعلیمی اسناد میں نام یا تاریخ پیدائش میں فرق یا تفصیلات میں ردوبدل کا ہونا۔

8۔ **سلیکشن کا طریقہ کار**

ا۔ فزیکل ٹیسٹ - اُمیدوار فزیکل ٹیسٹ کے لیے جوگر / پی ٹی شوز ساتھ لائیں۔

ب۔ تحریری امتحان - اُمیدوار تحریری امتحان میں استعمال ہونے والا سامان ساتھ لائیں۔

ج۔ نفسیاتی امتحان / انٹرویو - صرف شارٹ لسٹڈ اُمیدواران کا نفسیاتی امتحان / انٹرویو لیا جائے گا۔

د۔ حتمی سلیکشن - حتمی سلیکشن اہلیت اور معیار کے مطابق ہیڈ کوارٹر پاکستان رینجرز (پنجاب) لاہور میں ہو گی۔

ر۔ حتمی / طبی معائنہ - حتمی / تفصیلی طبی معائنہ پاکستان رینجرز اکیڈمی ہسپتال، منڈی بہاؤالدین میں ہو گا۔

طبی معائنے کے دوران اُمیدواروں کا چھاتی کا ایکسرے، Serum ALT, Serum Creatinine, Blood ESR, Blood CP ہیپاٹائٹس بی، ہیپاٹائٹس سی، HIV Test، پیشاب ٹیسٹ، ای سی جی، خون کا گروپ، شوگر ٹیسٹ، الٹرا ساؤنڈ (مکمل معدے کا)، نفسیاتی معائنہ، HB Electrophoresis اور LDH Blood Serum ٹیسٹ کئے جائیں گے۔

ز۔ کال لیٹر - حتمی طبی معائنہ میں کامیاب اُمیدواروں کو ٹریننگ میں شمولیت کیلئے کال لیٹر کا اجراء کیا جائے گا۔

9۔ **ٹریننگ** حتمی طور پر منتخب ہونے والے اُمیدواروں کو بنیادی ٹریننگ پاکستان رینجرز اکیڈمی منڈی بہاؤالدین میں حاصل کرنا ہو گی۔

10۔ **تنخواہ اور الاؤنسز (منتخب امیدوار)**

الف۔ بنیادی تنخواہ برائے سپاہی جنرل ڈیوٹی BPS-05

ب۔ الاؤنسز مروجہ قوانین کے مطابق

ج۔ رہائش مفت رہائش اور شادی شدہ افراد کیلئے ہاؤس رینٹ الاؤنس بنیادی پے سکیل کا 30% یا 45% کے مطابق دیا جائے گا۔

د۔ دورانِ بھرتی کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔

11۔ **درج ذیل ہدایات کو یقینی بنائیں۔**

الف۔ فائنل سلیکشن کا اختیار ڈائریکٹر جنرل پاکستان رینجرز (پنجاب) کو ہے۔ لہٰذا اس سلسلہ میں کسی رینجرز ملازم یا سول شخص سے رابطہ نہ کیا جائے۔

ب۔ یہ بھرتی تمام متعلقہ دستاویزات کی تصدیق اور مجاز اتھارٹی سے حتمی منظوری تک عارضی تصور کی جائے گی۔

ج۔ اگر کسی اُمیدوار کے دستاویزات جعلی ثابت ہوئے تو اُمیدوار کو سروس سے برخاست کر کے قانونی کاروائی کی جائے گی۔

د۔ دوران بھرتی کسی بھی قسم کی سفارش اور مداخلت کو قبول نہیں کیا جائے گا۔

ر۔ اسکریننگ ٹیسٹ کے دوران دھوکہ دہی، نقل یا کوئی بھی خلافِ ضابطہ طریقہ اختیار کرنے پر بھرتی کے عمل سے فی الفور خارج کر دیا جائے گا۔

12۔ نوٹ:- دورانِ بھرتی کوئی بھی متعلقہ یا غیر متعلقہ شخص آپ کو بھرتی کرنے کا وعدہ یا لالچ دے تو مندرجہ ذیل نمبروں پر فوراً اطلاع کریں۔ (042-99220037-8)

لیفٹیننٹ کرنل
برائے ڈائریکٹر جنرل
پاکستان رینجرز (پنجاب)
(محمد زاہد)